© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تصریحات

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجلّہ ترجمان السنہ اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہے ۔ ہم نے اگرچہ مجلّہ ترجمان السنہ کا آغاز نومبر ۱۹۸۹ء سے کیا تھا اس کا پہلا شمارہ نومبر کے اوائل میں منظرعام پر آگیا تھا مگر ہمیں اس کا باقاعدہ ڈیکلریشن جنوری ۱۹۹۰ء میں ملا اور یوں ہم نے اس کی جلد نمبر۱ کا آغاز جنوری ۱۹۹۰ء سے ہی کیا ۔

چنانچہ مجلّہ باضابطہ طور پر شروع ہونے کے بعد اب تک ایک سال کی مسافت طے کر چکا ہے اور باری تعالیٰ کی عنائت سے بڑے خلوص و اعتماد کے ساتھ اپنے اغراض و مقاصد کی تکمیل میں ساعی و کوشاں ہیں ۔

اس ایک سال کے دوران ہم نے علامہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی نادر و نایاب اور بیش بہا تحریروں کی اشاعت کی ۔ ان کی تصنیفات کے اقتباسات شائع کئے ان تمام اشیاء کو علمی و عوامی حلقوں میں بیک وقت بنظر استحسان دیکھا گیا اور اس سے بھرپور استفادہ کیا گیا ۔ اور بہت سے علاقوں میں ان تحریرات کی فوٹو کاپیاں تقسیم کی گئیں ۔

علاوہ ازیں ہم نے مختلف موضوعات پر قیمتی مقالات شائع کئے اور بالخصوص فرق کے حوالے سے ہمارا یہ مجلّہ امتیازی خصوصیت کا حامل رہا ۔ یہ واحد مجلّہ ہے جو اس علمی خلاء کو بھرپور طریقے سے پر کر رہا ہے ۔

ہمیں بے شمار ایسے خطوط موصول ہوتے ہیں جن میں مجلّہ ترجمان السنہ کی خوبیوں کا ذکر ہوتا ہے ۔ قارئین مجلّے کے علمی موضوعات اور دیدہ زیب طباعت کو مجلّے کے اعلیٰ ذوق کی علامت قرار دیتے ہیں ۔ ہم فردا " فردا " ان کا شکریہ ادا نہیں کر پاتے ہم ان کے جذبات و احسات کے قدر دان ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ وہ مجلّے کے معیار کو خوب سے خوب تر بنانے میں ہمارے ساتھ تعاون کرتے رہیں گے ۔

اہل قلم سے استدعا ہے کہ وہ مجلّے سے قلمی تعاون کرتے رہیں ہم ان شاء اللہ ان کے معیاری مضامین کو شائع کرنے میں کسی بخل سے کام نہیں لیں گے ۔ اسی طرح احباب جماعت سے التماس ہے کہ وہ مجلّہ ترجمان السنہ کی آواز کو ملک کے اکناف و اطراف تک پہنچانے کے لئے مجلّے کی سرکولیشن بڑھانے میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہماری راہنمائی کریں۔

مجلہ ترجمان السنہ علمی حلقوں میں ماہ بماہ اپنا نمایاں مقام بناتا جا رہا ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں اور اس کے حضور خلوص و برکت کی دعا مانگتے ہیں۔

جلد نمبر ۲ کا پہلا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ براہ کرم اسے تنقیدی نگاہ سے دیکھ کر ہماری راہنمائی کے لئے تجاویز ارسال فرمائیں۔

آئندہ شمارے سے ہم تصوف کی قسط ختم کر رہے ہیں کیونکہ فروری کے آخر میں امید واثق ہے ان شاء اللہ "تصوف" کا ترجمہ شائع ہو کر منصہ شہود پر آچکا ہو گا۔

ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ مجلے کی علمیت کو جماعتی آلودگی سے دور رکھا جائے۔ مبادا اختلاف کی نذر ہو کر مجلے کے علمی مقالات اپنی اہمیت نہ کھو بیٹھیں۔

ہم گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی علامہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہے ہیں۔ قارئین اس کے لئے ۱۵ فروری تک اپنے مضامین ارسال کر دیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

## اعلان

جن احباب کا سالانہ چندہ ختم ہو چکا ہے۔ براہ کرم وہ از خود ہی مبلغ ۶۰ روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کر دیں۔ بصورت دیگر مجلہ ان کی طرف وی پی کر دیا جائے گا۔ جسے وصول کرنا ان کی اخلاقی ذمہ داری ہوگی۔

## اعلان

خصوصی اشاعت کے لئے مضامین ۱۵ فروری تک ارسال کر دیئے جائیں۔ شکریہ

مجلہ ترجمان السنہ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔

© rasailojaraid.com